prepp
Your Personal Exams Guide

Total No. of Printed Pages – 4

CCSME21

808572

PAPER – II

URDU LANGUAGE AND LITERATURE

(اردو زبان وادب)

SUBJECT CODE : 15

Full Marks : 150

کل مارکس : 150

Time : 3 Hours

وقت : 3 گھنٹے

Note :

(i) The question paper consists of two Sections viz; **Group 'A', Group 'B'**.
(ii) Candidates have to answer **six** questions in all.
(iii) Question Nos. **1 & 5** are **compulsory**.
(iv) Candidates are required to choose at least **one** question from **each** Section.
(v) Number of marks carried each question is indicated against it.

نوٹ: (i) یہ سوالنامہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ –'الف' اور حصہ – 'ب' ۔

(ii) اُمیدواروں کو کل چھ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔

(iii) سوال نمبر 1 اور سوال نمبر 5 لازمی ہیں۔

(iv) اُمیدواروں کے لیے ضروری ہے کہ ہر حصہ سے کم از کم ایک سوال کا جواب دیں۔

(v) ہر سوال کے سامنے اس کے نمبر (مارکس) درج ہیں۔

(Group-A) حصہ 'الف'

1. درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے جواب دیجیے: $5 \times 7 = 35$

(i) اُردو کی پیدائش سے متعلق محمود شیرانی کے نظریہ کی وضاحت کیجیے۔

(ii) لسانیات کے مطالعہ کی افادیت پر روشنی ڈالیے۔

Prepp
Your Personal Exams Guide

مارکس

(iii) کرشن چندر کے افسانوں میں استحصال کے خلاف احتجاج ملتا ہے۔ افسانہ "کالو بھنگی" کے حوالے سے وضاحت کیجیے۔

(iv) "نرملا" کے کردار کا تنقیدی جائزہ اختصار کے ساتھ پیش کیجیے۔

(v) "کھول دو" کو منٹو کا شاہکار افسانہ کیوں قرار دیا جاتا ہے؟ اپنی رائے دیجیے۔

(vi) راجندر سنگھ بیدی نے افسانہ "لاجونتی" میں 'عورت' کی نفسیات کی بہترین عکاسی کی ہے۔ وضاحت کیجیے۔

(vii) ش اختر کے افسانہ "مسز جون" کے مرکزی خیال پر روشنی ڈالئے۔

2. درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجیے: $2 \times 10 = 20$

(الف) ..... لیکن مغویہ عورتوں میں، ایسی تھیں، جن کے شوہروں، جن کے ماں باپ، بہن اور بھائیوں نے انہیں پہچاننے سے انکار کر دیا تھا۔ آخر، وہ مر کیوں نہ گئیں؟ اپنی عزت و عصمت کو بچانے کے لیے انہوں نے زہر کیوں نہ کھالیا؟ کنویں میں چھلانگ کیوں نہ لگادی؟

(ب) ..... ایک ایسی مجبورِ بے زبانی ہے، ایک ایسی محبوس گہرائی ہے کہ مجھے اس کے متعلق لکھنا پڑ رہا ہے۔ اور لکھتے لکھتے یہ بھی سوچتا ہوں کہ اس کی زندگی کے متعلق کیا لکھوں گا میں؟ کوئی بھی تو پہلو ایسا نہیں جو دلچسپ ہو، کوئی کونہ ایسا نہیں جو تاریک ہو۔ کوئی زاویہ ایسا نہیں جو مقناطیسی کشش کا حامل ہو.....

3. (الف) اردو فکشن میں حقیقت نگاری کی ابتدا پریم چند سے ہی ہوتی ہے۔ اپنی تنقیدی رائے دیجیے۔ $2 \times 10 = 20$

(ب) غیاث احمد گدی کی افسانہ نگاری کا جائزہ ان کے افسانہ "پرندہ پکڑنے والی گاڑی" کے حوالے سے پیش کیجیے۔

4. (الف) اُردو رسم الخط کی خوبیوں اور خامیوں کے بارے میں ایک مضمون لکھیے۔ $2 \times 10 = 20$

(ب) نصاب میں شامل کسی ایک افسانہ کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

Prepp
Your Personal Exams Guide

مارکس

حصہ 'ب' (Group-B)

.5 درج ذیل سات سوالوں میں سے کسی **پانچ** کے جواب دیجیے: 5 × 7 = 35

(i) میر تقی میر رنج و غم کے شاعر ہیں۔ وضاحت کیجیے۔

(ii) مرزا غالب کی غزل گوئی کی فنی و جمالیاتی خوبیوں کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(iii) اقبال کی نظموں میں، غزل کی خوبیاں بھی ملتی ہیں۔ مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجیے۔

(iv) اکبرالٰہ آبادی کی نظم نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(v) جمیل مظہری کی شاعرانہ انفرادیت پر ان کی نظم "ارتقا" کے حوالے سے روشنی ڈالئے۔

(vi) حسرت موہانی کی غزلوں میں ایک دِلفریب کشش ہوتی ہے۔ اشعار کے حوالے سے وضاحت کیجیے۔

(vii) "نظم بالائے زمین" کے حوالے سے وہاب دانش کی نظم نگاری کا مختصر جائزہ پیش کیجیے۔

.6 (الف) داخل نصاب، غالب کی کسی ایک غزل کے چار اشعار لکھئے اور ان کی تشریح کیجیے۔ 2 × 10 = 20

(ب) اقبال کی نظم "ساقی نامہ" یا "لینن خدا کے حضور میں" کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

.7 (الف) درج ذیل الفاظ کی جِنس بتایئے: 2 × 10 = 20

زمین-آسمان، دوزخ، بہشت—کلیات

(ب) درج ذیل الفاظ کے معنی بتایئے:

سراب، شہاب، شباب، حباب، نصاب

Prepp
Your Personal Exams Guide

مارکس

2 × 10 = 20

8. (الف) درج ذیل الفاظ کی ضد بتایئے:

آغاز، زوال، گناہ، فرشتہ، جامد

(ب) درج ذیل الفاظ کے جمع بنائیں :

امیر، فلک، ملک، عالم، شاعر

Prepp Your Personal Exam Guide